بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، ساہیوال

پریس ریلیز

تعلیمی بورڈ ساہیوال کی حدود میں واقع جملہ سربراہان ادارہ جات کو مطلع کیا جاتا ہے کہ نہم سالانہ امتحان 2020ء کا انعقاد مورخہ 10-03-2020 سے ہو رہا ہے اور تمام ریگولر/پرائیویٹ امیدواران کی رول نمبر سلپس آن لائن کر دی گئی ہیں۔

- سرکاری/الحاق شدہ ادارہ جات کے سربراہان سے گزارش ہے کہ وہ اپنے ادارے کے ریگولر طلباء / طالبات کی رول نمبر سلپس تعلیمی بورڈ ساہیوال کی ویب سائٹ سے آن لائن سسٹم کے ذریعے ڈاؤن لوڈ کر کے پرنٹ حاصل کر لیں نیز سربراہان ادارہ جات امیدواران کو رولنمبر سلپس جاری کرنے سے قبل رولنمبر سلپس پر درج کوائف کو اپنے ریکارڈ سے اچھی طرح چیک کرنے کے بعد رول نمبر سلپ پر موجود مخصوص جگہ پر اپنے دستخط و مہر ثبت کریں گے۔ اگر کسی امیدوار کی رول نمبر سلپ میں کسی قسم کی درستی ہو تو مورخہ **06-03-2020** تک دفتر تعلیمی بورڈ سے رابطہ کر کے مطلوبہ درستی کروالیں۔
- پرائیویٹ امیدواران کی رول نمبر سلپس ان کے مہیا کردہ پتہ جات پر بذریعہ ڈاک ارسال کر دی گئی ہیں۔ پرائیویٹ امیدواران کو مورخہ **05-03-2020** تک اگر رول نمبر سلپس بذریعہ ڈاک موصول نہیں ہوتیں تو وہ دفتر تعلیمی بورڈ ساہیوال کی میٹرک برانچ سے رابطہ کر کے رول نمبر سلپ حاصل کر لیں۔ بعد ازاں حسب ضابطہ ثنیٰ رول نمبر سلپ جاری کی جائے گی۔ رول نمبر سلپ میں کسی قسم کی درستی مطلوب ہو تو دفتر تعلیمی بورڈ سے رابطہ کر کے مطلوبہ درستی کروالیں بصورت دیگر تمام تر ذمہ داری امیدوار پر عائد ہو گی۔

اگر کسی پرائیویٹ امیدوار کے کوائف آن لائن سسٹم میں بھی موجود نہ ہوں تو وہ فوری طور پر داخلہ فیس جمع کرانے کے ثبوت کے ساتھ ڈپٹی کنٹرولر میٹرک سے بالمشافہ رابطہ قائم کریں تا کہ اُسکی رول نمبر سلپ جاری ہو سکے۔

تمام امیدواران کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنی ایک عدد تازہ رنگین مصدقہ تصویر امتحانی سنٹر میں لے کر جائیں نیز جملہ امیدواران صبح کے وقت 8 بجے، سیکنڈ گروپ میں 1 بجے اور بروز جمعۃ المبارک اپنے الاٹ کردہ امتحانی سنٹر میں 2 بجے رپورٹ کریں۔

-SD-

کنٹرولر امتحانات

نمبر DCE(M)/ 316   مورخہ: 03/03/2020

۱۔ پی۔ایس ٹو چیئرمین
۲۔ پی۔اے ٹو سیکرٹری
۳۔ پی۔اے ٹو کنٹرولر امتحانات
۴۔ آڈٹ آفیسر
۵۔ سسٹم اینالسٹ (تمام ادارہ جات کو E-Mail کریں اور ساہیوال بورڈ کی ویب سائٹ پر اَپ لوڈ کر دیں)
۶۔ RCO (اِس استدعا کے ساتھ کہ پریس ریلیز کو اخبارات میں شائع کروانے کا بندوبست فرمائیں)
۷۔ آفس ریکارڈ

3/3/20

ڈپٹی کنٹرولر، میٹرک

برائے کنٹرولر